## سوال

(776) ظہر کی نماز رہ گئی ہو تو کیا اس کو عصر کی نماز کے بعد پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر ظہر کی نماز رہ گئی ہو تو کیا اس کو عصر کی نماز کے بعد پڑھا جا سکتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فوت شدہ نماز کا کوئی وقت مقرر نہیں۔ ظہر کی نماز عصر کے بعد پڑھی جا سکتی ہے۔ حدیث میں ہے :

'فَإِذَا سَهَى أَحَدُكُمْ عَنْ صَلَاةٍ فَلْيُصَلِّهَا حِينَ يَذْكُرُهَا' (سنن أبي داود، باب مَنْ نَامَ عَنْ صَلَاةٍ أَوْ نَسِيَهَا، رقم :۴۳۷، سنن الترمذي ، بَابُ مَا جَاءَ فِي النَّوْمِ عَنِ الصَّلٰوةِ، رقم :۱۷۷)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :657**

**محدث فتویٰ**